225206 - مزدور کا طلبہ کے لیے مختص سستا سفری کارڈ استعمال کرنے کا حکم

سوال

میں ترکی میں پڑھتا ہوں، میرے پاس سستا سفری کارڈ ہے، عمومی لوگوں کے پاس موجود کارڈ سے میرا کارڈ سستا ہے، میرا کارڈ طلبہ کے لیے مختص ہے، اور اس کے مالک کے علاوہ کسی کو اس پر سفر کرنے کی اجازت نہیں ہے، اس سال میں ملازمت کی وجہ سے یونیورسٹی نہیں جا پاؤں گا، میرے ساتھ ایک آدمی کام کرتا ہے اسے میرے کارڈ کی ضرورت ہو گی، تو کیا میں اسے اپنا کارڈ دے سکتا ہوں؟ کہیں یہ دھوکا دہی تو نہیں ہو گی؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب تک یہ کارڈ صرف طلبہ کو ہی دیا جاتا ہے، اور اس کارڈ سے اس کا مالک ہی استفادہ کر سکتا ہے تو آپ کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ آپ کسی کو بھی اپنا کارڈ دیں؛ کیونکہ یہ باطل طریقے سے مال ہڑپ کرنے کے زمرے میں آئے گا، اور اس طرح آپ اس مزدور کو ایسی چیز لینے کے لیے مدد کریں گے جس کا وہ حقدار نہیں ہے۔

واللہ اعلم